کل نمبر:25 　　　 اُردو (چہارم) ٹیسٹ نمبر 1 　　　 وقت:25 منٹ

| | |
|---|---|
| پانچواں مہینا، تیسرا ہفتہ، چھٹا دن | **سلیبس: دھرائی ٹیسٹ** (تیسرا ہفتہ) |

## (حصہ اوّل)

**سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے دُرست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(12)**

**1۔ متضاد الفاظ کی جوڑیوں کی نشان دہی کریں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | چھوٹا، بڑا | (ب) | چھوٹا، موٹا | (ج) | چھوٹا، چھوٹے | (د) | چھوٹا، چھوٹی |

**2۔ "آٹے میں نمک کے برابر ہونا" کا مفہوم ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | بہت شور کرنا | (ب) | بہت کم ہونا | (ج) | شرمندہ ہونا | (د) | بے مروّت ہونا |

**3۔ دُرست اعراب والا لفظ ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | کَثُرَتِ رائے | (ب) | کُثُرتِ رائے | (ج) | کُثُرتِ رَائے | (د) | کَثّرتِ رَائے |

**4۔ کلاس میں کس کے لیے الیکشن ہو رہے تھے؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | مانیٹر کے لیے | (ب) | بہادر بچے کے لیے | (ج) | مقرّر کے لیے | (د) | کھلاڑی کے لیے |

**5۔ ووٹ ایک مقدس ________ ہے۔**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | مشورہ | (ب) | امانت | (ج) | جنگ | (د) | جہدوجہد |

**6۔ "کثرت" کا معنی ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | زیادہ ہونا | (ب) | شور ہونا | (ج) | کم ہونا | (د) | نایاب ہونا |

**7۔ عوام سے ______ کی صورت میں رائے لی جاتی ہے۔**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ہاتھ کے اشاروں | (ب) | پوچھنے | (ج) | ووٹ | (د) | اتفاق |

**8۔ اکثریت کی رائے کو خوش دلی سے قبول کرنا ______ رویہ ہے۔**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | جمہوری | (ب) | آمرانہ | (ج) | صدارتی | (د) | اچھا |

**9۔ ووٹ حقیقت میں ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | لڑائی اور جھگڑا | (ب) | رائے اور مشورہ | (ج) | عدل و انصاف | (د) | میانہ روی |

☆ **درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 10، 11 اور 12 کے جواب دیں۔**

عدنان: امی جان! ہمارے استاد صاحب نے تو کہا تھا کہ آپ ووٹ دیں گے۔

امی جان: بیٹا! استاد صاحب نے درست کہا ہے۔ ووٹ حقیقت میں رائے اور مشورہ ہی تو ہے۔



عدنان: امی جان! میں کس کو ووٹ دوں؟

امی: بیٹا! آپ جس کو بھی ووٹ دیں اس میں چند خوبیاں ہونی چاہییں۔ پہلی بات یہ ہے کہ جس کام کے لیے اس کو ووٹ دیا جاتا ہے وہ اس کا اہل ہو۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہ دیانت دار ہو اور لوگوں کے ساتھ ہمدردی رکھتا ہو۔

عدنان: امّی! میں تو راشد کو ووٹ دوں گا۔ وہ بہت اچھا لڑکا ہے۔ وہ سچ بولتا ہے۔ کسی کو تنگ نہیں کرتا اور ہر لڑکے کی مدد کرتا ہے۔ جب دو لڑکے آپس میں لڑ پڑیں تو وہ دونوں میں صلح کرا دیتا ہے اور ان کو کہتا ہے کہ ہمیں لڑنا نہیں چاہیے، ہم آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

**10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | رائے کا احترام | (ب) | تاریخی عمارتیں | (ج) | شان دار فیصلے | (د) | باتیں دانائی کی |

**11۔ عدنان امی جان سے بات کر رہا تھا:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ووٹ سے متعلق | (ب) | پڑھائی سے متعلق | (ج) | کھانے سے متعلق | (د) | اخراجات سے متعلق |

**12۔ مُسلمان آپس میں ہیں:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | دُشمن | (ب) | بھائی بھائی | (ج) | دوست | (د) | رشتہ دار |

## (حصہ دوم)

**(13)**

**سوال نمبر 1: "ڈاکیا" کے عنوان پر مضمون لکھیں۔** **(7)**

**سوال نمبر 2: "غرور کا سر نیچا" کے عنوان پر کہانی لکھیں۔** **(6)**